Department of Education

# چانسلر کا ضابطہ

نمبر: **D-200**
موضوع: **نیو یارک شہر تعلیمی بورڈ کے ممبران کی ساخت اور اراکین کا انتخاب**
زمرہ: **پینل برائے تعلیمی پالیسی**
جاری کردہ: **1 دسمبر، 2022**

## تبدیلیوں کا خلاصہ

یہ ضابطہ چانسلر کے ضابطے D-200، مورخہ 19 دسمبر، 2019 کی جگہ لیتا ہے۔

تبدیلیاں:

- نیو یارک تعلیمی قانون (جُز I اور II) کی 2022 ترامیم سے ہم آہنگی کے لیے تعلیمی پالیسی کے پینل ("پینل") کی ساخت کے متعلق دفعات میں تجدید کرتا ہے۔
- نیو یارک تعلیمی قانون (جُز III) کی 2022 ترامیم سے ہم آہنگی کے لیے پینل کے اراکین کے دفتر کی مدتوں کے متعلق دفعات میں تجدید کرتا ہے۔
- اجتمائی تعلیمی کونسل کے صدور کے لیے ان پانچ اراکین کا انتخاب کرنے کی کارروائی کو قائم کرتا ہے جنکے پینل کی معیاد کا آغاز 15 جنوری، 2023 کو ہو گا(جُز IV.A)۔
- اجتمائی تعلیمی کونسل کے صدور کے لیے ان پانچ اراکین کا انتخاب کرنے کی کارروائی کو قائم کرتا ہے جنکے پینل کی معیاد کا آغاز 1 جولائی، 2023 سے ہو گا اور اسکے بعد ہر 1 جولائی سے ہوا کریگا (جُز IV.B)۔
- اجتمائی تعلیمی کونسل کے صدور کے ذریعے منتخب کردہ پینل کے ممبران کو ہٹانے اور آسامیوں کو پُر کرنے کے متعلق دفعات میں تجدید کرتا ہے جو نیو یارک تعلیمی قانون کی 2022 ترمیمات (جُز IV.C اور D) سے ہم آہنگ ہیں۔
- اس ضابطے کے بارے میں استفسارات کے لیے رابطہ معلومات کی تجدید کرتا ہے (جُز VI)۔



T-35037 OGC 2022 Dec CR D-200 Posted 12.1.2022 (Urdu)

# چانسلر کا ضابطہ

نمبر: **D-200**
موضوع: **نیو یارک شہر تعلیمی بورڈ کے ممبران کی ساخت اور اراکین کا انتخاب**
زمرہ: **پینل برائے تعلیمی پالیسی**
جاری کردہ: **1 دسمبر، 2022**

## خلاصہ

یہ ضابطہ نیو یارک شہر کے تعلیمی بورڈ (جس کو پینل برائے تعلیمی پالیسی یا پینل کہا جاتا ہے) کی ساخت اور انکے اراکین کی اہلیت کو قائم کرتا ہے، اور منتخب کردہ اراکین کو اجتمائی تعلیمی کونسلوں کے صدور کے ذریعے منتخب کردہ اراکین کے انتخابات اور برطرف کرنے کے طریقِ کار کو تشکیل دیتا ہے۔ یہ ایسے عہدوں کی خالی آسامیوں کو پُر کرنے کے طریقِ کار کو بھی قائم کرتا ہے۔

## I. پینل کی ساخت

A. 15 جنوری 2023 سے آغاز کرتے ہوئے، اس پینل کو 23 ووٹ دینے والے اراکین پر مشتمل ہونا چاہیئے:

1. ہر ایک برو صدر کے ذریعے تقرر کردہ 1 رکن؛
2. پانچ والدین اراکین، نیویارک شہر کے ہر برو سے ایک، جنہیں اجتمائی تعلیمی کونسلوں (CECs) کے صدور کے ذریعے منتخب کیا گیا ہو؛ اور
3. میئر کے ذریعے تقرر کردہ تیرہ اراکین۔

B. پینل میں تین ووٹ نہ ڈالنے والے ارکان بھی شامل ہونے چاہیئے:

1. چانسلر، بہ لحاظ منصب خدمات انجام دیں گے؛
2. نیویارک شہر کا مُحاسب (کامپٹرولر)، جو بہ لحاظ منصب خدمات انجام دیں گے؛ اور
3. دو ہائی اسکول کے طلبا مشاورتی اراکین، جن کو چانسلر کے طالب علم مشاورتی کونسل کے ذریعے منتخب کیا گیا ہو۔

## II. پینل میں خدمات انجام دینے کے لیے اہلیتیں

A. برو صدر کے ذریعے ہر ایک تقرر کردہ کو اس برو کا ایک مکین ہونا چاہیئے جس برو کے لیے تقرر کرنے والے صدر منتخب ہوئے تھے، اور ان کے لیے نیو یارک شہر کے شہری اسکول ضلع میں پبلک اسکول میں شرکت کرنے والے بچے کا والدین ہونا لازمی ہے۔

B. CECs کے صدور کے ذریعے منتخب کردہ ہر والدین رکن کو اس برو کا مکین ہونا چاہیئے جس کی وہ نمائندگی کر رہے ہیں اور نیو یارک شہر کے شہری اسکول ضلع میں پبلک اسکول میں شرکت کرنے والے ایک بچے کا والدین ہونا لازمی ہے۔

C. میئر کے ذریعے تقرر کردہ اراکین کے لیے نیو یارک شہر کا مکین ہونا لازمی ہے اور ایسے چار تقرر کردہ افراد کے لیے نیو یارک شہر کے شہری اسکول ضلع میں پبلک اسکول میں شرکت کرنے والے بچے کا والدین ہونا لازمی ہے، بشرطیکہ:

1. مئیر کے نامزد کردہ میں سے کم از کم ایک کا انفرادی تعلیمی پروگرام کے حامل بچے کا والدین ہونا لازمی ہے؛
2. مئیر کے تقرر کردہ افراد میں سے کم از کم ایک کا دولسانی یا انگریزی بحثیت دوسری زبان کے حامل بچے کا والدین ہونا لازمی ہے؛ اور
3. کم از کم ایک تقرر کردہ کو ایک ایسے بچے کا والدین ہونا چاہئیے جو ضلع 75 اسکول یا پروگرام میں شرکت کر رہا ہو۔

D. ماسوائے چانسلر اور محاسب کے، پینل کا کوئی بھی رکن نیو یارک شہر یا ان کے ذیلی ڈویژن یا شہر کے بورڈ کا کسی بھی حیثیت میں ملازم نہیں ہو سکتا۔

E. پینل کا کوئی بھی تقرر کردہ یا منتخب کردہ رکن کسی بھی ایسی پبلک کارپوریشن، اتھارٹی یا کمیشن کا ملازم نہیں ہو سکتا ہے جن میں تقرریوں کی اکثریت کو نیو یارک شہر کے میئر کے ذریعے کیا گیا ہو۔

## III. دفتری مدتیں، برطرفی اور آسامیاں

A. 23 ووٹ دینے والے اراکین جن کی معیاد کا آغاز 15 جنوری، 2023 سے ہوگا وہ ایک معیاد کے لیے خدمت انجام دیں گے جو 30 جون، 2023 کو ختم ہو جائے گی۔ اسکے بعد، یہ 23 ووٹ دینے والے اراکین ایک سال کی معیاد کے لیے خدمت انجام دیں گے جس کا آغاز 1 جولائی سے ہوگا۔

B. اس پینل کے تمام والدین اراکین، پینل پر خدمات انجام دینے کے لیے اپنے بچے کی شہری ضلع میں ایک پبلک اسکول میں شرکت ختم ہونے کے بعد دو سال تک خدمت انجام دینے کی اہلیت برقرار رکھیں گے۔

C. پینل میں تقرر کردہ اراکین کی آسامیوں کو 90 دن کے اندر تقری کرنے والے مناسب اربابِ اختیار کے ذریعے پُر کیا جانا چاہیئے۔ CECs کے ذریعے والدین اراکین کو برطرف کرنے اور آسامیوں کو پُر کرنے کے طریقِ کار کو ذیل میں حصہ IV میں قائم کیا گیا ہے۔

## IV. اجتمائی تعلیمی کونسلوں کے صدور کے ذریعے پینل کے منتخب کردہ اراکین کو چُننے، برطرف کرنے اور خالی آسامیوں کو پُر کرنے کا طریقِ کار

A. CEC کے صدور کے ذریعے والدین اراکین کا انتخاب، جنکے پینل کی معیاد کا آغاز 15 جنوری، 2023 سے ہوگا

1. دسمبر 2022 میں، 32 CECs کے صدور 15 جنوری، 2023 سے عہدہ سنبھالنے کے لیے پینل کے پانچ اراکین منتخب کرینگے، نیو یارک شہر کے ہر برو سے ایک۔

2. بروکلین، برونکس، مین ہیٹن اور کوئنز کے بروز میں، CEC صدور نامزد کرنے والی کمیٹی میں خدمت انجام دینے کے لیے دو CEC صدور چُنیں گے۔ اسٹیٹن آئلینڈ کے برو میں، جہاں صرف ایک CEC ہے، اس CEC کا صدر اور ایک اضافی CEC کا افسر نامزد کرنے والی کمیٹی میں خدمت انجام دیں گے۔ ایسی نامزد کرنے والی کمیٹی کو 28 اکتوبر، 2022 تک تشکیل دے دیا جانا چاہیئے۔

3. ایک امیدار بننے کی درخواست دینے کے لیے، والدین کا دفتر برائے اہل خانہ اور اجتمائی شمولیت (FACE) کے پاس ایک درخواست جمع کروانا لازمی ہے۔ FACE درخواست دہندگان کی اہلیت کا جائزہ لے گا اور تمام اہل درخواستوں کو نامزد کرنے والی کمیٹی کو بھیج دیگا۔ درخواست دینے کا دورانیہ 15 نومبر، 2022 تک کھلا رہے گا۔

4. نامزد کرنے والی کمیٹی درخواستوں کا جائزہ لے گی اور یہ درخواست دہندگان کا انٹرویوز لے سکتی ہے۔

5. 6 دسمبر، 2022 تک، نامزد کرنے کی کمیٹی اس برو کی CEC کے لیے زیر غور لائے جانے کے لیے ہر برو کے حتمی کامیاب قرار دیے جانے والوں کا چناو کرے گی۔

6. 20 دسمبر، 2022 تک، ہر ایک برو کی CEC کے صدر اپنے برو کا ایک پینل رکن منتخب کرنے کے لیے ووٹ ڈال سکتے ہیں۔ انتخاب جیتنے والے کو ڈالے گئے ووٹوں کا کم سے کم 50 فیصد حاصل کرنا لازمی ہے۔ اگر کسی موقع پر ایسا نہیں ہوتا ہے تو ایک ضمنی انتخاب کا انعقاد کیا جائے گا۔

7. FACE نامزدگی اور انتخابات کی کارروائی پر عمل درآمد کرنے کے لیے طریقِ کار جاری کرے گا۔

## B. 1 جولائی، 2023 سے اور اسکے بعد آنے والی ہر 1 جولائی سے معیاد کا آغاز کرنے والے پینل کے لیے CEC صدور کے ذریعے والدین اراکین کا انتخاب

1. جون 2023 سے اور اسکے بعد ہر جون میں آغاز کرتے ہوئے، 32 CECs کے صدور 1 جولائی سے دفتر سنبھالنے کے لیے پانچ اراکین پر مشتمل پینل کا انتخاب کریں گے جن میں نیو یارک شہر کے ہر ایک برو سے 1 رکن ہو گا۔

2. بروکلین، برونکس، مین ہیٹن اور کوئنز کے بروز میں، CEC صدور نامزد کرنے والی کمیٹی میں خدمت انجام دینے کے لیے دو CEC صدور کو چُنیں گے۔ اسٹیٹن آئلینڈ کے برو میں، جہاں صرف ایک CEC ہے، CEC کے صدر اور CEC کا ایک اضافی افسر نامزد کرنے والی کمیٹی میں خدمات انجام دیں گے۔ ایسی نامزد کرنے والی کمیٹی کو انتخابات سے پیشتر 31 مارچ تک تشکیل دے دیا جانا چاہیئے۔

3. ایک امیدوار بننے کی درخواست دینے کے لیے، والدین کو FACE میں ایک درخواست جمع کروانا لازمی ہے۔ FACE درخواست دہندگان کی اہلیت کا جائزہ لے گا اور تمام اہل درخواستوں کو نامزد کرنے والی کمیٹی کو بھیج دیگا۔ درخواست کا دورانیہ کم از کم 15 اپریل تک کھلا رہے گا۔

4. نامزد کرنے والی کمیٹی درخواستوں کا جائزہ لے گی اور یہ درخواست دہندگان کا انٹرویوز لے سکتی ہے۔

5. 15 مئی تک، نامزد کرنے والی کمیٹی ہر CEC صدور کے زیر غور لائے جانے کے لیے ہر برو سے حتمی کامیاب ہونے والوں کا چُناو کریگی۔

6. مئی کے آخری ہفتے کے دوران، ہر برو میں CEC صدور اپنے برو سے پینل کے ایک رکن کو منتخب کرنے کے لیے ووٹ ڈال سکتے ہیں۔ انتخاب جیتنے والے کو ڈالے گئے ووٹوں کا کم سے کم 50 فیصد حاصل کرنا لازمی ہے۔ اگر کسی موقع پر ایسا نہیں ہوتا ہے تو اس صورت میں، ایک ضمنی انتخاب کا انعقاد کیا جائے گا۔

7. FACE نامزدگی اور انتخاب کی کارروائی کے نفاذ کے لیے طریقِ کار کو جاری کرے گا۔

## C. CEC کے صدور کی ذریعے ایک رکن کو برطرف کرنا

ہر ایک برو میں CEC صدور اپنے منتخب کردہ پینل کے رکن کو برطرف کر سکتے ہیں اگر اس برو کے دو تہائی صدور ایسی برطرفی کو مناسب سمجھتے ہیں۔ اسٹیٹن آئلینڈ میں، CEC کا صدر اور CEC کے دو اضافی افسران کے لیے یہ فیصلہ

کرنا لازمی ہے کہ انکے منتخب کردہ پینل کے رکن کو برطرف کرنا مناسب ہے۔ برطرف کرنے کی صورت میں، CEC صدور عوام الناس کو تحریری اطلاع نامہ فراہم کریں گے جس میں برطرف کیے جانے سے کم سے کم دس دن قبل برطرفی کی وجوہات کی وضاحت ہونی چاہیئے۔

### D. CEC کے صدور کے ذریعے آسامیوں کو پُر کرنا

1. آسامیوں کو CEC کے صدور کے ذریعے آسامی کے خالی ہونے کے 60 دن کے اندر پُر کرنا لازمی ہے۔
2. ایک آسامی کو پُر کرنے کے لیے والدین اپنے آپ کو خود نامزد کر سکتے ہیں۔ نامزدگیوں کو آسامی خالی ہونے کے 30 دن کے اندر FACE کے پاس جمع کر دیا جانا چاہیئے۔ FACE درخواست دہندگان کی اہلیت کا جائزہ لے گا اور تمام اہل درخواست دہندگان (کی درخواست) کو متعلقہ برو کے CEC صدور کو بھیج دے گا، جو آسامی پُر کرنے کے لیے اس امیدوار کو چننے کے لیے ووٹ ڈالیں گے۔ سب سے زیادہ ووٹ حاصل کرنے والا امیدوار کامیاب ہو گا۔ اگر مقابلہ برابر ہے تو ایک ضمنی انتخاب کا انعقاد کیا جائے گا۔
3. منتخب کردہ والدین رکن کی آسامیوں کو پُر کرنے کی کارروائی پر عمل درآمد کرنے کے لیے FACE طریقِ کار جاری کرے گا۔

## V. باز ادائیگی

پینل کے اراکین کے لیے عملہ، دفاتر یا گاڑیاں تفویض نہیں کی جا سکتی ہیں یا یہ اپنی خدمات کے لیے معاوضہ موصول نہیں کر سکتے۔ البتہ، اپنی ذمہ داریاں انجام دینے کے لیے وہ جو حقیقی اور ضروری اخراجات کریں گے ان کے لیے ان بازادائیگی کی جائے گی۔

## VI. استفسارات

اس ضابطہ سے متعلق استفسارات کو ذیلی پتے پر بھیجنا چاہیے:

Office of Family and Community Engagement

52 Chambers Street

Room 503

New York, NY 10007

ٹیلیفون: 212-374-4118

FACE@schools.nyc.gov